فوری ریلیز کے لیے: 2/3/2023 **گورنر *KATHY HOCHUL***

گورنر HOCHUL نے کوپرز ٹاؤن، شیرون سپرنگز، اور ڈولج ویل کا NY فارورڈ پروگرام کے پہلے راؤنڈ کے بطور موہاک ویلی کے فاتحین اعلان کیا

گاؤں کوپرز ٹاؤن $4.5 وصول کرے گا؛ شیرون سپرنگز اور ڈولج ویل ہر ایک کو $2.25 ملین وصول ہوں گے

نیو یارک کے چھوٹے اور دیہی علاقوں کے لیے مزید منصفانہ ڈاؤن ٹاؤن بحالی میں معاونت دینے کے لیے $100 ملین کا نیا NY فارورڈ پروگرام کامیاب ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو کے اقدام کی رفتار کو بڑھاتا ہے

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا کہ گاؤں کوپرز ٹاؤن کو $4.5 ملین وصول ہوں گے، اور گاؤں شیرون سپرنگز اور ڈولج ویل ہر ایک کو NY فارورڈ کے پہلے راؤنڈ کے بطور موہاک ویلی کے فاتحین کی فنڈنگ میں $ 2.25 ملین وصول ہوں گے۔ ریاست کے کامیاب ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو اقدام کی پیشرفت کی تقلید کرتے ہوئے $100 ملین NY فارورڈ پروگرام نیویارک کی چھوٹی اور دیہی کمیونٹیز کے لیے مزید منصفانہ ڈاؤن ٹاؤن بحالی کی معاونت کے لیے ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو کے اقدام کی طرح "منصوبہ-بنائیں-پھر-عملدرآمد کریں" والی حکمت عملی اپنا رہا ہے۔ NY فارورڈ راؤنڈ ون کے ایک حصے کے طور پر، ریاست کے دس اقتصادی ترقی والے خطوں میں سے ہر ایک میں چھوٹی کمیونٹیز کو دو سے تین ایوارڈز دیئے جائیں گے تاکہ ان کے ڈاؤن ٹاؤنز کے لیے ترقی اور بحالی کے منصوبے پر عمل درآمد میں معاونت کی جائے۔

"اس بات کو یقینی بنانا کہ چھوٹے قصبوں اور شہروں کے پاس ترقی و خوشحالی کے وسائل ہوں، نیویارک کی معاشی بحالی کے لیے اشد ضروری ہے، **"گورنر Hochul نے کہا۔** "یہ سرمایہ کاریاں گاؤں کاپرز ٹاؤن، شیرون سپرنگز، اور ڈولج ویل کو اپنے ڈاؤن ٹاؤنز کو بہتر بنانے، رہائشیوں اور سیاحوں کے لیے معیار زندگی کو بہتر بنانے، اور نئی ملازمتیں پیدا کرنے اور پورے خطے میں اقتصادی مواقع کو بڑھانے کے لیے کاروبار کو راغب کرنے میں مدد دیں گی۔"

NY فارورڈ ریاست کی معاشی ترقیاتی کاموں کی کوششوں کا ایک کلیدی جزو ہے جو نیو یارک کے ڈاؤن ٹاؤنز کے احیائے نو کو مزید تیز کرنے کے لیے DRI کے ساتھ مل کر کام کر رہا ہے۔ NY فارورڈ کا ایک تاریخی کردار ہے کہ وہ چھوٹے علاقوں کی خدمت کرکے انہیں ایسے بڑے، زیادہ شہری مرکزی کاروباری اضلاع سے ممتاز کرتا ہے جنہیں عموماً DRI کے ذریعے مالی اعانت ملتی ہے۔ NY فارورڈ والے علاقے راہگیری قابلیت رسائی کے حامل، کم گنجان علاقے ہیں جو فوری طور پر مقامی اہلِ علاقہ کی خدمت کرتے ہیں، اور فطری لحاظ سے زیادہ مقامی ہیں، فوری طور پر گردونواح کے رہائشی یا دیہی زرعی مرکوز ترقیاتی کاموں پر توجہ مرکوز کرتے ہیں۔

DRI کی طرح، ہر NY فارورڈ کمیونٹی ایک تزویراتی سرمایہ کاری کا منصوبہ تیار کرے گی تاکہ آسانی سے قابلِ عمل منصوبوں کی ایک سلیٹ کے ذریعے اپنے ڈاؤن ٹاؤن کو دوبارہ زندہ کیا جا سکے۔ ڈپارٹمنٹ آف سٹیٹ ایسی چھوٹی کمیونٹیز کی بہتر مدد کے لیے تکنیکی معاونت فراہم کرے گا جن کے پاس NY فارورڈ پروگرام کے جزو کے طور پر استعداد کم ہو اور انہیں منصوبوں کے لئے کمیونٹی کے حجم کے مطابق فنڈنگ کی جائے گی۔ ان پروجیکٹس میں عمارات کی تزئین و آرائش اور تعمیر نو، نئے یا مزید بہتر عوامی مقامات کی تعمیر نو یا تخلیق، اور ایسے دیگر

پروجیکٹس شامل ہو سکتے ہیں جو مخصوص ثقافتی، تاریخی خصوصیات کو اجاگر کرتے ہوں اور چھوٹے قصبوں کی کشش میں مزید اضافہ کرتے ہوں۔

کاپرز ٹاؤن
کاپرز ٹاؤن کا ڈاؤن ٹاؤن ایک زبردست کمیونٹی کا مرکز ہے، جو مقامی افراد، علاقائی باشندوں، اور سیاحوں کو بار بار آنے کی طرف راغب کرتا ہے۔ نیشنل بیس بال ہال آف فیم کے زیر اہتمام، کوپرز ٹاؤن بیس بال کے کھلاڑیوں، فینز اور شائقین کے حوالے سے قومی کشش کے حامل، نیز ایک پریمیئر آرٹس اور ثقافتی مقام کے طور پر جانا جاتا ہے۔ فینیمور آرٹ میوزیم اور میوزیم برائے فارمر گاؤں کی حدود سے بالکل باہر واقع ہے، اور گاؤں دو بڑے ہال آف فیم ایونٹس کے علاوہ متعدد میوزیکل اور ثقافتی پروگراموں کی میزبانی کرتا ہے۔ گاؤں کا پورا حصہ تاریخی مقام کے قومی اور ریاستی رجسٹروں میں درج ہے، اور لیک اوٹسیگو کمیونٹی کے لیے ایک خوبصورت پس منظر فراہم کرتی ہے۔ کاپرز ٹاؤن مین اسٹریٹ سے لیک اوٹسیگو تک روابط پیدا کر کے، تاریخی پہلوؤں کی تجدید نو کر کے، رہائشی اور تجارتی معیار کو بہتر بنانے کے لیے بنیادی ڈھانچے میں وسعت پیدا کر کے، راہگیری قابلیت رسائی اور رسائی پذیری کو بہتر بنا کر اور ڈاؤن ٹاؤن اپارٹمنٹ طرز کی رہائشی تخلیق میں مدد کے ذریعے ڈاؤن ٹاون میں پہلے سے ہونے والی بہتریوں اور اپنی قدرتی سیاحت کو فروغ دینے کی کوشش کرتا ہے۔

شیرون سپرنگز
گاؤں شیرون سپرنگز کو تاریخی جگہ کے قومی رجسٹر کے علاوہ رجسٹر برائے تاریخی مقامات ریاست نیو یارک دونوں نے ایک تاریخی سپا گاؤں کے طور پر تسلیم کیا ہے۔ جبکہ شیرون سپرنگز میں صرف ایک سال کے لیے 500 رہائشی ہیں، یہ آج تک $15 ملین سے زائد کی نجی سرمایہ کاری کی جگہ رہی ہے، اور Beekman 1802 جیسے ادارے گاؤں کی طرف توجہ مبذول کرواتے رہتے ہیں۔ شیرون اسپرنگز کا مجوزہ NY فارورڈ ایریا مین اسٹریٹ کو شامل کرے گا کیونکہ یہ ایڈلر ہوٹل اور ولیج لائن تک شمال میں تقریباً ایک میل اور مین اسٹریٹ کے مشرق میں دو بلاکس تک پھیلا ہوا ہے۔ مین اسٹریٹ کے عین اس علاقے کے اندر، معدنی چشموں، ندیوں اور آبشاروں کا ایک قدیم سلسلہ ہے جس کو تفریحی سپاز، گاؤں کے پارک، ریستوران، ہوٹلز، تھیٹرز اور آرٹس، نمائشوں اور دکانوں کی وساطت سے حیات نو دی جائے گی۔ شیرون سپرنگز اکیسویں صدی اور اس سے آگے کے لیے ایک جدید، ماڈل کاروبار، رہائشی اور سیاحتی کمیونٹی بننے کے لیے نجی کاروباری سرمایہ کاری اور عوامی بنیادی ڈھانچے کی سرمایہ کاری میں اپنی حالیہ ترقی کو مزید فروغ دینے کے لیے کوشاں ہے۔ گاؤں اہم فنون لطیفہ اور تفریحی مقامات اور دیگر تاریخی عمارتوں کی تزئین و آرائش کر کے، عوامی Wi-Fi کی سہولت مہیا کر کے اور گاؤں کے متعدد چھوٹے کاروباروں کو مدد دے کر اپنا ویژن حاصل کرے گا۔

ڈولج ویل
ایڈیرونڈیک پہاڑوں کے دامن میں چھوٹی پہاڑیوں کے درمیان واقع، گاؤں ڈولج ویل ایڈیرونڈیک خطے کے لیے گزرگاہ اور علاقائی شہروں کو مربوط کرنے کا وسیلہ ہے۔ گاؤں کا مجوزہ NY فارورڈ ایریا ڈاؤن ٹاؤن ڈولج ویل کے مرکز میں واقع ہے، جو کہ آسان راہگیری صلاحیت کی حامل جگہ ہے جہاں گاؤں کی مین اسٹریٹ اس کے مرکز سے گزرتی ہے اور یہ اپنی کچھ انتہائی منفرد خصوصیات کا حامل ہے جن میں سے ایک خصوصیت مشرقی کینیڈا کریک کے ہمراہ صنعتی استعمالات سے ظاہر ہے، جو ایک اسٹریٹیجک مقام ہے، جو پہلے موہاک ویلی ہائیڈرو الیکٹرک پلانٹ کا مسکن تھا۔ گاؤں کے قدرتی وسائل اور جدت کے حامل بنیادی ڈھانچے کا منفرد امتزاج اس کو گاؤں کے اندر انڈسٹری کے مرکز کے طور پر مستحکم حیثیت دیتا ہے۔ اپنی دلچسپ تاریخ پر قائم، گاؤں کا ویژن اپنی اقتصادی، تجارتی، ثقافتی اور مصورانہ تحریک اور اپنی تاریخی مرکزی سٹریٹ ڈسٹرکٹ کو بحال کرنا ہے، جو گاؤں کو خوشحال و پائیدار مستقبل کی جانب لے جانا ہے۔ گاؤں ڈولج ویل مشرقی کینیڈا کریک تک رسائی کو بہتر بنا کر اس ویژن کو حاصل کر رہا ہے، چھوٹے کاروباروں کو مدد دینے کے لیے فنڈ تخلیق کر رہا ہے اور نگہداشتِ طفل کی اہم سہولت گاہیں فراہم کر رہا ہے۔

سیکرٹری برائے ریاست Robert J. Rodriguez نے کہا، "ریاست بھر میں چھوٹی ڈاؤن ٹاؤن کمیونٹیز کی جدت نو ہماری اقتصادی ترقی کی کوششوں کی کامیابی کی کلید ہے، اور ہمارا NY فارورڈ پروگرام بالکل یہی کرتا ہے۔ اس احیائے نو کے نئے پروگرام کی وساطت سے کوپرز ٹاؤن، شیرون سپرنگز اور ڈولج ویل کو فراہم کردہ فنڈنگ ان

کمیونٹیز کو رہائش، کام کرنے اور تفریح کے لیے پُرکشش مقامات میں تبدیل کر دے گی، جس کی وجہ سے موہاک ویلی اور تمام نیو یارک کے لیے مزید مساوی ڈاؤن ٹاؤن بحالی میں معاونت ملے گی۔"

امپائر سٹیٹ ڈویلپمنٹ کی CEO، صدر اور کمشنر Hope Knight نے کہا، "اس پہلے نیویارک فارورڈ راؤنڈ کا آغاز ہی نہ صرف کوپرز ٹاؤن کے تاریخی گاؤں اور اس کی بیس بال اور آرٹ کی میراث کے لیے کامیابی کا باعث بنے گا، بلکہ شیرون اسپرنگز اور ڈولج ویل کے دلکش نظاروں کی سیاحت کو بھی فروغ دے گا۔ چھوٹے اور دیہاتی ڈاؤن ٹاؤنز کے لیے DRI ماڈل کے بعد، نیو یارک فاروڈ فنڈنگ ان موہاک ویلی کمیونٹیز میں تجارتی مقامات اور فنون، آبی کنارے تک روابط کو بہتر بنائے گا اور ان کی کشش میں اضافہ کرے گا، جبکہ آنے والی کئی نسلوں کے لیے ترقی کو فروغ دینے کے لیے ہاؤسنگ اور بنیادی ڈھانچوں کو بہتر بنائے گا۔"

گھروں اور کمیونٹی کی تجدید کی کمشنر RuthAnne Visnauskas نے کہا، "موہاک ویلی میں منفرد، تاریخی کمیونٹیز ہیں جو کہ قومی پُرکشش مقامات ہیں، اور NY فارورڈ پروگرام کے توسط سے ریاست کا عزم کوپرز ٹاؤن، شیرون سپرنگز، اور ڈولج ویل کی پیشکش کو بڑھا دے گا۔ آج کے دن کا اعلان اس بات کی ایک بہترین مثال ہے کہ ہماری کمیونٹیز میں گورنر Hochul کی اسٹریٹیجک سرمایہ کاری آنے والے برسوں تک رہائشیوں اور سیاحوں کو فائدہ پہنچائے گی۔"

ریاستی سینیٹر Mark Walczyk نے کہا، "ڈولج وِیل کا گاؤں ناقابل یقین حد تک اس فنڈنگ کا مستحق ہے، اور یہ اس کے رہائشیوں کے لیے ایک بہت بڑی جیت ہو گی۔ پہلے سے خوبصورت اور تاریخی ڈاؤن ٹاؤن کے ترقیاتی کاموں سے موہاک ویلی میں غیر معمولی اضافہ ہو گا اور میرا دفتر کسی بھی طرح مدد دینے کے لیے تیار ہے۔"

ریاستی سینٹر Peter Oberacker نے کہا، "مجھے کوپرز ٹاؤن اور شیرون سپرنگز کی نمائندگی کرنے کا اعزاز حاصل ہے - دونوں غیر معمولی گاؤں، تاریخی پُرکشش مقامات، غیر معمولی چھوٹے کاروبار، اور شاندار مقامی رہنماؤں کے حامل ہیں - ان ریاستی سرمایہ کاریوں کے انتہائی مستحق ہیں۔ اگرچہ آج کے دن جن فاتحین گاؤں کا اعلان کیا گیا، ان تفویضی ڈالرز سے پورا خطہ انتہائی مستفید ہو گا۔ ہماری چھوٹی دیہی کمیونٹیز حقیقی جواہر اور اقتصادی نمو کا باعث ہیں، یہ بہت ضروری ہے کہ ریاست ان کی اہمیت کو تسلیم کرے اور NY فاروڈ جیسے پروگراموں کے ذریعے ترقی کی منازل طے کرنے میں ان کی مدد جاری رکھے۔"

رکن اسمبلی Chris Tague نے کہا، "یہ سرمایہ کاریاں ہماری دیہی کمیونٹیز کے لیے خیر مقدمی اور شاندار خبر ہے جس پر کمیونٹی کو بے تحاشہ فخر ہے۔ یہ دیکھ کر بہت اچھا لگا کہ ریاست اقتصادی بحالی کی اس اہم فنڈنگ کی مدد سے اچھے کام کر کے مستفید ہو گی جو شہری پہلے ہی کر رہے ہیں اور ہماری مقامی معیشت کو مزید آگے بڑھانے میں مدد کر رہے ہیں۔"

گاؤں کوپرز ٹاؤن کی میئر Ellen Tillapaugh نے کہا، "ہم گورنر Hochul اور موہاک ویلی اقتصادی کونسل کی جانب سے NY فاروڈ پروگرام کی تخلیق پر انتہائی خوش ہیں، اور یہ کوپرز ٹاؤن جیسے گاؤں کے لیے بہترین ہے۔ اس چھوٹے گاؤں کے لیے 4.5$ ملین ایوارڈ، جس کے مختلف عوامل اور ضروریات ہیں، اس سے بڑا فرق پڑے گا۔"

ڈولج ویل گاؤں کی میئر Mary Puznowski نے کہا، "ہمیں واقعی فخر ہے اور ہم اس تفویضی پروگرام کی تخلیق کے لیے گورنر Hochul کے شکرگزار ہیں۔ NY فاروڈ بہت مثالی پروگرام ہے اور ہم اس کے پہلے وصول کنندہ ہونے کی حیثیت سے انتہائی خوش ہیں۔"

شیرون سپرنگز گاؤں کے میئر Douglas Plummer نے کہا، "ہم اس تفویض کو حاصل کرنے پر انتہائی خوش ہیں۔ کیا شاندار موقع ہے! ہمیں توقع نہیں تھی کہ ہم اس کو وقت کے اتنے عرصے میں حاصل کر لیں گے، لیکن ہم نے یہ حاصل کر لیا۔ ہمارے پاس اس پر کام کرنے والی ایک شاندار ٹیم ہے اور یہ انتہائی پُرجوش ہے، اور ہم اس موقع کے لیے گورنر Hochul کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔"

موہاک ویلی علاقائی اقتصادی ترقیاتی کونسل کے شریک چیئرز، Lawrence T. Gilroy III، Gilroy، Kernan & Gilroy, Inc کے صدر اور ڈاکٹر SUNY، Marion Terenzio کوہل اسکلز کی صدر نے کہا، "ہم گورنر Hochul کی NY فاروڈ کے توسط سے ریاست نیو یارک کی چھوٹی کمیونٹیز کے احیائے نو میں معاونت دینے کے حوالے سے پُرجوش ہیں۔ کوپرز ٹاؤن، شیرون سپرنگز اور ڈولج ویل موہاک ویلی کے جواہر ہیں، اور MVREDC ان کو مزید ترقی و خوشحالی دینے کے لیے اس پروگرام کے ساتھ مل کر کام کرنے کا منتظر ہے۔"

موہاک ویلی علاقائی اقتصادی ترقیاتی کونسل نے ان کمیونٹیز کو بطور فاتحین نامزد کرنے کی سفارش کرنے سے پہلے پورے خطے کی کمیونٹیز کی جانب سے جمع کروائی گئیں تجاویز کا ایک مکمل جامع اور مسابقتی جائزہ لیا اور درج ذیل معیارات پر غور کیا:

- ڈاؤن ٹاؤن کو متعین کردہ حدود کے ساتھ مستحکم ہونا چاہیے؛
- ڈاؤن ٹاؤن مضافات اور اپنے اردگرد کے علاقوں میں پہلے والی یا آئندہ آنے والی نجی اور عوامی سرمایہ کاری کو فروغ دینے کے قابل ہے؛
- ڈاون ٹاؤن کے اندر، یا اس کے قریب ملازمت میں حالیہ یا آنے والی ترقی ہونی چاہیے جو کارکنوں کو شہر کی طرف راغب کر سکے، دوبارہ ترقی میں مدد دے اور ترقی کو پائیدار بنا سکے؛
- عمر، آمدنی، جنس، شناخت، قابلیت، نقل و حرکت اور ثقافتی پس منظر کی تمام متنوع آبادیوں کے لیے شہر کا مرکز ایک پُرکشش اور قابلِ رہائش علاقہ ہونا چاہیے؛
- بلدیہ کو پہلے سے ہی ایسی پالیسیوں کو اختیار کرنا چاہیے یا اس کے پاس ایسی پالیسیاں بنانے اور ان پر عمل درآمد کرنے کی صلاحیت ہونی چاہیے جو معیار زندگی اور زندگی میں اضافہ کریں؛
- بلدیہ کو چاہیئے تھا کہ کمیونٹی کی مشغولیت کا ایک کھلا اور مضبوط عمل انجام دے جس کے نتیجے میں شہر کے مرکز میں احیائے نو کے لیے ایک تصور اور منصوبوں اور اقدامات کی ابتدائی فہرست تیار ہو سکتی ہے جو حکمتِ عملی سے سرمایہ کاری کرنے کے منصوبے میں شامل کیے جا سکتی ہے؛
- بلدیہ میں تبدیلی لانے والے ایسے پروجیکٹس کی نشاندہی ہو چکی ہے جو NY فارورڈ فنڈز کی سرمایہ کاریوں کے ذریعے قریب المیعاد منصوبوں کے نفاذ کے لیے پہلے سے تیار ہوں گے؛ اور
- بلدیہ کے پاس منصوبوں کی منصوبہ بندی کے عمل اور ان پر عمل درآمد کا نظم کرنے کی مقامی صلاحیت موجود ہے، اس میں بلدیہ کے تفویض کردہ منصوبوں کے معاہدوں کی نگرانی کرنے کی صلاحیت شامل ہے۔

کوپرز ٹاؤن، شیرون سپرنگز اور ڈولج ویل نے اپنے ڈاؤن ٹاؤن کے احیائے نو کے لیے اسٹریٹیجک سرمایہ کاری کے منصوبہ جات کو تیار کرنے کے عمل کا آغاز کر دیا ہے۔ بلدیاتی نمائندوں، کمیونٹی رہنماؤں اور دیگر سٹیک ہولڈرز پر مشتمل ایک مقامی منصوبہ بندی کمیٹی اس مہم کی قیادت کرے گی، جسے نجی شعبے کے ماہرین اور ریاستی منصوبہ سازوں کی ایک ٹیم کی مدد و معاونت بھی حاصل ہو گی۔ تزویراتی سرمایہ کاری کا منصوبہ مقامی اثاثوں اور مواقع کی جانچ کرے گا تاکہ ایسے منصوبوں کی نشاندہی کی جا سکے جو ہر علاقے کے نظریے کے مطابق ہوں اور جو عمل درآمد کے لیے تیار ہوں۔ تزویراتی سرمایہ کاری کے منصوبے کی جانب سے منتخب کردہ منصوبوں کے لیے فنڈنگ عطا کی جائے گی جس کے پاس احیائے نو کے فوری آغاز اور طویل مدتی ترقی کے نئے مواقع تخلیق کرنے کی بڑی صلاحیت موجود ہے۔

###